# گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا رائے عامہ سروے

## موضوع: "صارف / تجارتی"

## "بینکنگ اور بینک صارفین"

## اے ٹی ایم کارڈ رکھنے والے ہر 3میں سے 1 پاکستانی کو آخری مرتبہ اے ٹی ایم سے ٹرانزیکشن کرتے ہوئے دشواری کا سامنا کرنا پڑا۔ 66% جوابدہندگان نے مشین کی کارکردگی درست نہیں تھی کو درج مسائل / پریشانی کی فہرست میں سے منتخب کیا:

## گیلپ & گیلانی پاکستان،

اسلام آباد، 18 ستمبر، 2017

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق،اے ٹی ایم کارڈ رکھنے والے ہر 3میں سے 1 پاکستانی کو آخری مرتبہ اے ٹی ایم سے ٹرانزیکشن کرتے ہوئے دشواری کا سامنا کرنا پڑا۔ 66% جوابدہندگان نے مشین کی کارکردگی درست نہیں تھی کو درج مسائل / پریشانی کی فہرست میں سے منتخب کیا۔


سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب اے ٹی ایم کارڈ رکھنے والے مرد و خواتین سے یہ سوال پوچھا گیا کہ، **"کیا آخری مرتبہ اے ٹی ایم سے ٹرانزیکشن کرتے ہوئے آپ کو کسی پریشانی / دشواری کا سامنا کرنا پڑا؟"**، اس سوال کے جواب میں 30% جوابدہندگان کے مطابق **"ہاں"** اُن کو آخری مرتبہ اے ٹی ایم سے رقم کی ٹرانزیکشن میں دشواری کا سامنا کرنا پڑا، جبکہ 70% افراد کا کہنا ہے کہ **"نہیں"** اُنہیں رقم کی ٹرانزیکشن میں دشواری کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔

"کیا آخری مرتبہ اے ٹی ایم سے ٹرانزیکشن کرتے ہوئے آپ کو کسی پریشانی / دشواری کا سامنا کرنا پڑا؟"




جوابدہندگان سے مزید سوال پوچھا گیا کہ، **"برائے مہربانی بتائیں کہ اس مسئلے / پریشانی کی نوعیت کیا تھی؟"**، اس سوال کے جواب میں 26% جوابدہندگان کا کہنا ہے کہ مشین کی عدم دستیابی، 32% افراد نے کہا سروسز یا سسٹم میں خرابی، 4% افراد نے کہا اے ٹی ایم مشین میں خرابی، 8% افراد نے کہا اے ٹی ایم مشین کی سکرین بلینک تھی، 19% افراد نے کہا کارڈ پھنس گیا تھا، 3% افراد نے کہا ضرورت سے کم پیسے اے ٹی ایم سے موصول ہوئے، 5% نے کہا کہ اے سی ٹھیک کام نہیں کررہا تھا، جبکہ 2% افراد نے کہا کارڈ / رقم چوری ہوگئی۔ تاہم 1% افراد نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

"برائے مہربانی بتائیں کہ اس مسئلے / پریشانی کی نوعیت کیا تھی؟ (ایک سے زائد جوابات ممکن ہیں)"




*Source: Gallup & Gilani Pakistan Poll*

*Field work conducted by Gallup & Gilani Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association*

(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی اور شہری آبادی کے 184 مرد و خواتین سے 21 اگست تا 28 اگست 2017 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر تقریباً ±6-7% لگایا گیا ہے۔

***Opinion Poll from Gallup & Gilani Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Monday, September 18, 2017**
*(2 Pages including this only Urdu version)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup & Gilani Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*

*Ms. Fatima Idrees*
*Phone: +92-51-2655630*
*E-mail:* fatima.idrees@gilanifoundation.com

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website:* *www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2017

celebrating
37
years
of Gallup Pakistan
(1980-2017)